1/2016

Your Roll No——

# BUMS-II YEAR EXAMINATION 2016

## Paper No. BUM 201

## Tareekhe Tib

Time : Three Hours | Maximum Marks : 75

*(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper)*

### Section A

نوٹ: حصہ الف: دس سوال حل کرنا ہیں سبھی سوالات 1 نمبر کے ہیں۔

سوال نمبر۱۔ کتاب المنصوری کا مصنف کون ہے۔

(a) ابن سینا (b) جابر ابن حیان (c) زکریا رازی (d) داؤدانطا کی

سوال نمبر۲۔ عناصر خمسہ کا نظریہ کس طب سے تعلق رکھتا ہے۔

(a) طب یونانی (b) ہندی طب (c) چینی طب (d) مصری طب

سوال نمبر۳۔ ویدمنکہ الہندی اور کنکہ الہندی کس عہد سے تعلق رکھتے ہیں۔

(a) عہد ماقبل بقراط (b) عہد عباسیہ (c) عہد مغلیہ (d) عہد برطانیہ

سوال نمبر۴۔ کس طبیب کا تعلق عہد نبوت سے ہے۔

(a) خالد ابن یزید ابن معاویہ (b) حارث ابن کلدہ (c) جابر ابن حیان (d) علی ابن ربن طبری

سوال نمبر۵۔ کس طبیب کا تعلق مدرسہ جندی شاپور سے ہے۔

(a) ابوسہل مسیحی (b) حنین ابن اسحاق (c) علی ابن ربن طبری (d) علی ابن عباس مجوسی

نمبر۶۔ کس طبیب کا تعلق مدرسہ اسکندریہ سے ہے۔

(a) ایراسسطر اطوس (b) بقراط (c) اسقلی بیوس (d) ثابت ابن قرہ

نمبر۷۔ کتاب الحشائش کا مصنف کون ہے۔

(a) جالینوس (b) دیسقوریدوس (c) ایراسسطر اطوس (d) ہیروفیلوس

سوال نمبر۸۔ کتاب المائۃ فی الطب کتنے ابواب پر مشتمل ہے۔

(a) دس (b) بیس (c) پچاس (d) سو

سوال نمبر۹۔ قانون کا خلاصہ 'موجز القانون' کس طبیب کے ذریعہ لکھا گیا۔

(a) علامہ چغمنی (b) حکیم گیلانی (c) علامہ علاء الدین قرشی (d) علامہ محمود آملی

سوال نمبر۱۰۔ میزان الطب کا مصنف کون ہے۔

(a) حکیم علوی خان (b) حکیم ابرار زانی (c) حکیم محمد شریف خان (d) حکیم علی گیلانی

2/2016

## Section - B

نوٹ: حصہ ب سے 5 سوال حل کرنا ہیں۔ جوابات 20 الفاظ سے زیادہ کا نہ ہوں سبھی سوالات ۲ نمبر کے ہیں۔

سوال نمبر ۱۔ چرک سمہتا کتنے حصوں پر مشتمل ہے انکے نام لکھیے۔

سوال نمبر ۲۔ عربی طب کے پانچ مشہور اطبا کے نام اور انکی تصانیف کے نام لکھیے۔

سوال نمبر ۳۔ عہد عباسیہ کے پانچ نامور مترجم اطباء کے نام لکھیے۔

سوال نمبر ۴۔ ابن سینا کی پانچ مشہور تصانیف کے نام لکھیے۔

سوال نمبر ۵۔ آں حضرتؐ کی بتائی ہوئی وہ کون سی دس باتیں ہیں جو امور فطرت میں سے ہیں۔

## Section - C

نوٹ: اس سیکشن کے سبھی سوالات حل کرنا ہے۔ جواب 100 الفاظ سے زیادہ کا نہ ہو، سبھی سوالات ۵ نمبر کے ہیں۔

سوال نمبر ۱۔ عہد نامہ بقراطیہ کا متن تحریر کیجیے۔

سوال نمبر ۲۔ مدرسہ اسکندریہ پر مختصر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۳۔ کتاب الجامع المفردات پر اپنی معلومات قلمبند کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ کتاب الحاوی فی الطب پر مختصر اور جامع نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۵۔ ابوالقاسم زہراوی کے کارنامے قلمبند کیجیے۔

## Section - D

نوٹ: اس سیکشن کے سبھی سوالات حل کیجیے، جواب 300 الفاظ سے زیادہ کا نہ ہو۔ سبھی سوالات ۱۰ نمبر کے ہیں۔

سوال نمبر ۱۔ جابر ابن حیان کی علمی تحقیقات پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر ۲۔ طب یونانی کے نظریات اور طریقہ علاج پر اپنی معلومات قلمبند کیجیے۔

سوال نمبر ۳۔ حکیم عبدالحمید صاحب کا تعارف پیش کرتے ہوئے ہندوستان میں طب یونانی کی بقاء میں آپ کے رول پر روشنی ڈالئے۔

☆☆☆